© rasailojaraid.com



حالات پیدا کرنے کی عزم سے دنیا کے تمام ملکوں کی حکومتوں کی ایک کانفرنس منعقد کرے۔

مذکورہ بالا بین الاقوامی اقتصادی کانفرنس ایک غیر سرکاری اجتماع تھا اور اس میں جو لوگ شریک ہوئے ان کی حیثیت بھی غیر سرکاری ہی تھی لیکن اس اجتماع میں بین الاقوامی تجارت کو فروغ دینے کے لئے جو لائحہ عمل تیار کیا گیا ہے اگر مغربی ممالک اور ان کے ہمنوا دوسرے ملکوں نے اس کی تکمیل کے لئے جد و جہد کی تو اس سے نہ صرف بین الاقوامی اقتصادیات ہی پر خوشگوار اثر پڑے گا بلکہ بقائے امن کے امکانات بھی زیادہ روشن اور تابناک ہوجائیں گے۔

---



# اخلاق و فلسفۂ اخلاق

## مکمل اور جدید ایڈیشن

علم الاخلاق پر ایک مبسوط اور محققانہ کتاب، جس میں تمام قدیم و جدید نظریوں کو سامنے رکھ کر اصولِ اخلاق، فلسفۂ اخلاق اور انواعِ اخلاق پر تفصیلی بحث کی گئی ہے اور اس کے لئے ایک مخصوص اسلوبِ بیان اختیار کیا گیا ہے۔ اسی کے ساتھ اسلام کے نظامِ اخلاق کی تفصیلات کو ایسی دل پذیر ترتیب کے ساتھ بیان کیا گیا ہے کہ اس کے مجموعۂ اخلاق کی فضیلت تمام ملتوں کے اخلاقی نظاموں کے مقابلے میں روز روشن کی طرح واضح ہوجاتی ہے۔

فی الحقیقت ہماری زبان میں اب تک کوئی ایسی کتاب نہیں تھی جس میں ایک طرف علمی اعتبار سے اخلاق کے تمام گوشوں پر مکمل بحث ہو اور دوسری طرف ابوابِ اخلاق کی تشریح علمی نقطہ نظر سے اس طرح کی گئی ہو کہ اس سے اسلام کے مجموعۂ اخلاق کی برتری دوسری ملتوں کے ضابطہائے اخلاق پر ثابت ہوجائے" اس کتاب سے یہ کمی پوری ہوگئی ہے اور اس موضوع پر ایک معیاری کتاب سامنے آگئی ہے اس ایڈیشن میں بہت کچھ حک و اضافہ کیا گیا ہے اور متعدد مباحث کو نئے سرے سے مرتب کیا گیا ہے۔ حجم بھی پہلے سے کافی بڑھ گیا ہے

۵۹ بڑی تقطیع قیمت غیر مجلد چھ روپے آٹھ آنے ۶/۸، مجلد سات روپے آٹھ آنے ۷/۸

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی




© rasailojaraid.com